URDU اردو

INQUEST

TRUTH, JUSTICE AND ACCOUNTABILITY

گرینفیل ٹاور کی آگ سے متاثرہ لوگوں کے لئے معلومات

انکویسٹ 35 سال سے زیادہ عرصے سے نا گہانی اموات کے بارے میں بڑی رازداری سے مصیبت زدہ خاندانوں ، اجتماعی گروپس کو وکیلوں کو اور رضاکار تنظیموں کو مفت معلومات فراہم کرتی ہے۔ ہم ایک آزاد ادارہ ہیں اور ہمارا حکومت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے

اس کا مطلب ہے کہ ہم پوری آزادی کے ساتھ آپ کو ان تحقیقات کے بارے میں جو کہ گرینفیل ٹاور کے بارے میں ہیں آپکو ایک واضح مشورہ دے سکتے ہیں۔ ہم پوری کوشش کریں گے کہ تمام قانونی کام سچائی اور انصاف پر مبنی ہوں تا کہ وہ لوگ جو اس کے زمہ دار ہیں ان کی گرفت ہو سکے

اس کتابچے کا مقصد آپکو فوری طور پر ان سوالات کا جواب فراہم کرنا ہے جو کہ پوچھے جا رہے ہیں ہم آپکو یہ مشورہ بھی دیتے ہیں کہ آپ فورا کسی اچھے وکیل سے قانونی مشورہ بھی جتنی جلدی ممکن ہو سکے حاصل کریں ہماری انکویسٹ کی قانونی ٹیم آپکو صحیح وکیل ڈھونڈنے میں مدد کر سکتی ہے۔ آپ ہم سے اس نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں:

Tel: 020 7263 1111

Email: inquest@inquest.org.uk

Web: www.inquest.org.uk

برائے مہربانی یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اس نمبر پر اگر ہماری ٹیلی فون لائن مصروف ہو گی تو آپکو اپنا سوال وہاں پر ریکارڈ کرانا ہو گا جو کہ ہم بعد میں آپ سے خود رابطہ کریں گے

مزید تفصیلات کے لئے ہماری انکویسٹ کی تفصیل والی کتاب اس انٹر نیٹ کے ایڈریس سے حاصل کی جا سکتی ہے bit.ly/InquestHandbook

کیا یہ ایک جرم کی تحقیق ہو گی؟

میٹروپولٹن پولیس اس حادثے کی تحقیق ایک مجرمانہ غفلت کے طورپر بھی کر رہی ہےپولیس کی کاروائی کو شائد کچھ ماہ لگ جائیں گے پھر اس کے بعد اس کو کراؤن کورٹ میں پیش کیا جائے گا جہاں وہ یہ فیصلہ کریں گے کہ آیا کہ اس حادثے کا کوئی فرد یا ادارہ جرم وار ہے یا نہیں

کیا پولیس اس کو قتل کے طور پر دیکھ رہی ہے؟

اس جرم کو اس لحاظ سے بھی دیکھا جائے گا کہ کیا یہ کسی غفلت کی بنا پر انفرادی قتل ہے یا کہ اجتماعی قتل کی سازش ہے مگر یہ اسی صورت میں ہو گا کہ اگر پولیس کو اپنی تحقیق کے دوران ایسا محسوس ہواور اس کا کافی ثبوت موجود ہو تو پھر اس کا مقدمہ چلے گااور اگر پولیس کا خیال ہو کہ ثبوت ناکافی ہیں اور مقدمہ نہ بھی چلے تو پھر بھی جو اس حادثے کا شکار ہوئے ہیں ان کا قانونی حق ہو گا کہ دوبارہ اس کی جانچ کی جائے۔

کیا اس کی عام تفتیش ہو گی؟

حکومت نے اس کی عام تفتیش کا اعلان کیا ہے اور آفت زدہ خاندان اس کے لئے قانونی مدد حاصل کرنے کے اهل ہوں گے تا کہ وہ اس میں مکمل طور پر قانونی چارہ جوئی کر سکیں۔ ان کو اس تفتیش کے خد و خال اپنی مرضی سے طے کرنے کے پورے مواقع دئے جائیں گے

تفتیش کا عمل حلفیہ ہو گا اور اس کے شراکاء ثبوتوں پر سوال کر سکیں گے یہ عارضی طور پر تحقیقات ہوں گی تا کہ جو دوسرے لوگ اسی طرح کے ٹاوروں کے رہائشی ہیں ان کے مفادات کی بھی حفاظت کی جا سکے

اگر کوئی اس میں رول ادا کرنا چاہے تو وہ اپنے آپ کو ایک نمائندہ کے طور پر پیش کر سکتا ہے۔ اس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو کہ کسی طور پر بھی اس میں حصہ دار ہیں یا ان کا کسی بھی طور پر اس تحقیق میں ان کا کوئی حصہ ہے

یہ خاص نمائندے تفتیش میں شامل گواہوں سے سوالات کرنے کی درخواست بھی دے سکتے ہیں اور تفتیشی پینل سے رپورٹ کی کاپی بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

کیا یہ تفتیش آزادانہ ہو گی؟

ہم امید کرتے ہیں کہ متاثرہ افراد کے لئے مضبوط قانونی نمائندگی کے ساتھ ایک آزاد تفتیش ہو گی جو کہ متاثرہ افراد کے خدشات کے مطابق نتائج اخذ کر سکے گی

اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ کی بات کو سنا جائے اگر آپ جلد سے جلد قانونی ماہر وکیل کی خدمات حاصل کریں

ہماری مفصل سٹیٹ مینٹ پبلک انکوائری کے بارے میں انٹر نیٹ کے اس ایڈریس پر دیکھی جا سکتی ہے bit.ly/GrenfellInquiry

انکوائری کیا ہے؟

انکوائری کسی حقیقت کے جاننے کا نام ہے کہ کوئی شخص کیسے، کسطرح اور کہاں مرا؟ یہ ایک قانونی طریقہ کار ہے جس کی سربراہی ایک کورونر یا جیوری کرتی ہے

اس کیس میں ایچ-ایم سینئر کورونر ڈاکٹر فیونا ولکاکس ہیں جو کہ اندرونی مغربی لندن کی عدالت کی کورونر ہیں۔ وہ اس بات کو بھی مد نظر رکھیں گی کہ مستقبل میں اموات ہونے سے بچایا جا سکے جو کہ اسی طرح کے حالات سے دوچار ہوں اور اس بات کی سفارش بھی کریں گی کہ اس کی سنوائی کھلی عدالت میں ہو اور متاثرہ افراد کی نمائندگی بھی ہو

انکوائری کب ہو گی؟

جیسے ہی کوئی جسد خاکی ملتا ہے اور اس کی نشان دہی ہو جاتی ہے تو کورونر اس کی انکوائری شروع کر دے گا یہ عام طور پر ایک مختصر سماعت ہوتی ہے جس میں مرنے والے کا نام، عمر اور مختصر طور پر اسکی تفصیل اور ابتدائی طور پر مرنے کی وجہ کھلی عدالت میں پڑھی جاتی ہے۔ ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ تحقیقات بھی ہو سکتی ہیں پھر کورونر اس کو عام انکوائری یا مجرمانہ انکوائری کے ہونے تک اس کو روک دیتا ہے کیونکہ ان انکوائریوں کا پہلے ہونا لازمی ہے۔

جب مجرمانہ تحقیقات اور انکوائری مکمل ہو جاتی ہے تو کورونر فیصلہ کرے گی کہ آیا انکوائری کو جاری رکھا جائے یا نہیں۔

میں گم شدہ فرد کی رپورٹ کیسے کروں؟

گم شدہ رشتے داروں کے بارے میں پوچھنے کے لئے آپ خود پولیس کے اس ڈیپارٹ منٹ میں جائیں یا نیچے دئے گے نمبر پر رابطہ کریں انکا ٹیلی فون نمبر اور پتہ یہاں درج ہے **Metropolitan Police casualty bureau,** Westway Sports Centre in West London,
Tel: **0800 0961 233**.

اگر آپ نے کسی گم شدہ فرد کی اطلاع دی تھی اور وہ شخص آپ کو بعد میں مل گیا تو آپ کو پولیس کو فورا ضرور با ضرور اطلاع کرنی چاہیے۔

کورونر کو ان تمام اموات کے بارے میں بتایا جائے گا جو گرینفیل ٹاور مین ہوئیں جن کی نشان دہی ہو چکی ہو گی ان کے رشتہ داروں کو پولیس کی طرف سے مطلع کیا جائے گا۔ اگر آپکو ابھی تک آپ کے گم شدہ رشتے دار کے بارے مین کوئی اطلاع نہ ملی ہو تو ہو سکتا ہے کہ اس شخص یا اشخاص کی ابھی تک نشان دہی نہ ہو سکی ہو۔ ہم اچھی طرح سے سمجھتے ہیں کہ ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ بات بہت تکلیف دہ ہے۔ INQUESTکورونر اور پولیس کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور اس سلسلے میں ہم آپکی مدد کر سکتے ہیں۔

میرے رشتے دار کی لاش کا کون ذمہ دار ہے؟

اس کی ذمہ داری اور کنٹرول کورونر کے پاس ہے اور کیونکہ لاش کی مختلف قسم کی جانچ پڑتال کیجاتی ہے اور کورونر کی اجازت کے بغیر تدفین کی اجازت نہیں ہوتی

میت کو دفنانے کی غرض سے چھڑوانے کے لئے کورونر کے دفتر سے یا اس دئے گے ٹیلی فون پر رابطہ کریں نمبر یہ ہے 020 7802 4750 ویسے فی الحال یہ تمام سوالات صرف Casualty bureau سے ہی پوچھے جا سکتے ہیں جس کا مکمل پتہ اوپر دیا گیا ہے۔

کیا میں پوسٹ مارٹم کو رکوا سکتا ہوں؟

پوسٹ مارٹم عام طور پر بہت جلدی کر دیا جاتا ہے اگر آپکو پوسٹ مارٹم رکوانا ہے تو جتنی جلدی ممکن ہو سکے کورونر سے رابطہ کریں تاکہ اس کا متبادل طریقہ اختیار کیا جاسکے۔ اگر کورونر کے خیال میں پوسٹ مارٹم ضروری نہ ہو تو میت کو فوری طور پر دفنانے کی اجازت دے دی جاتی ہے۔

کیا میں میت کو دیکھ سکتا ہوں؟

عام طور پر اس کا جواب ہاں میں ہے اس کا بندوبست کورونر کے دفتر کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ کئی دفعہ اگر میت بہت زیادہ مسخ ہو گئی ہو تو اس صورت میں کورونرمیت کو نہ دیکھے جانے کی سفارش کرتا ہے یا ایسی صورت میں میت کو دیکھنے کا اختیار محدود ہو جاتا ہے جیسے کی شیشے کے پینل کے پیچھے دیکھنا وغیرہ۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ اس نصیحت کو قبول کرتے ہیں یا نہیں۔ اگر نہیں تو پھر آپکو قانون کا سہارا لینا پڑے گا

لاش کی شناخت کون کر سکتا ہے؟

خاندان کا کوئی فرد یا قریبی دوست لاش کو دیکھ کر شناخت کر سکتا ہے پھر اگر دیکھ کر شناخت ممکن نہ ہو تو دوسرے طریقوں سے شناخت کا عمل کیا جاتا ہے جیسے فنگر پرنٹ، دانتوں کا ریکارڈ یا پھر DNA ٹسٹ

کیا کورونر مختلف ثقافتی اور مذہبی اقدار کو تسلیم کرتا ہے؟

یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنے عقیدے اور روایات کے بارے میں کورونر کو مطلع کریں تاکہ تمام قانونی دائرہ کار میں ان أمور کا لحاظ رکھا جائے

میں جنازے کے انتظامات کب کر سکتا ہوں؟

جب تک کورونر اس بات کی اجازت نہیں دے دیتا لیکن اگر آپ ان لوگوں سے جو جنازے کا بندوبست کرتے ہیں سے رابطہ کریں تو ایسا کرنا فائدہ مند ہوسکتا ہے۔ ان سے جلد رابطہ آپ کے لئے معاون ثابت ہوگا۔ آپکو چاہئے کہ تمام اخراجات کی رسیدیں سنبھال کر رکھیں کلیم کرنے کی صورت میں آپکو ان کی ضرورت ہو گی۔
مزید معلومات کے لئے اس ویب سائٹ سے استفادہ کریں

https://www.gov.uk/after-a-death/arrange-the-funeral

کیا مجھے ڈیتھ سرٹیفیکیٹ کی ضرورت ہے؟

یہ ایک قانونی دستاویز ہے جو کہ پیدائش اور وفات کے رجسٹرار کو بھیجی جاتی ہے تا کہ وہ مرنے والے کے تمام کوائف درج کر لے ۔ کورونر ایک سرٹیفکٹ جاری کرتا ہے لاش کی نشان دہی ہو جانے کے بعد تا کہ اس کی تدفین کی جاسکے۔ آپکو ڈیتھ سرٹیفکٹ کی ضرورت ہو گی تمام انتظامی أمور کے لئے جیسے بینک اکاؤنٹ کو بند کروانا بینیفٹ آفس کو مطلع کرنا وغیرہ وغیرہ

میری فیملی کی فوری ضروریات جو کہ ہاوسنگ یا دوسری سپورٹ ہیں ان کا کیا ہو گا؟

ہمیں معلوم ہے کہ بہت سی تنظیمیں اس سلسلے میں مدد کرنے کی خواہش مند ہیں اور اس سلسلے میں **North Kensington Law Centre:** Unit 15, Baseline Studios, Whitchurch Rd, London W11 4AT. کی پوری کوشش ہے کہ ان تمام تنظیموں کے درمیان ایک رابطہ قائم ہو جائے تا کہ آپ کی تمام ضروریات بشمول ہاوسنگ، امگریشن، ویلفئر بینفٹ یا آپ کی فوری مالی مددکی جا سکے اس کے لئے آپ دئے گئے پتہ پر یا اس ٹیلی فون پر یا انٹر نیٹ کی ویب سائٹ سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں
Call 020 8969 7473 or see www.nklc.co.uk.

اس کے بعد کیا ہو گا؟

پبلک انکوائری میں اور جاری مجرمانہ تحقیقات میں کچھ وقت لگے گا ۔ یہ تمام عمل بہت ہی تکلیف دہ ہو سکتا ہے مگر ہم آپ کے لئے ہر طرح کی حمائت اور مشورہ کے لئے حاضر ہیں۔ ہم سے رابطہ کے لئے نیچے دیئے ہوے نمبر پر فون کریں

FOR EXPERT ADVICE & HELP WITH FINDING LEGAL REPRESENTATION CONTACT US AT INQUEST:

TEL 020 7263 1111